بھارت - امریکی دفتر خارجہ کے مابین مشاورت (09 دسمبر، 2025)

09 دسمبر 2025

بھارت - ریاستہائے متحدہ امریکا کے دفتر خارجہ کے مابین مشاورت (ایف او سی) کی مشترکہ صدارت خارجہ سکریٹری جناب وکرم مصری اور امریکی. انڈر سکریٹری آف اسٹیٹ محترمہ ایلیسن ہکر نے آج نئی دہلی میں کی.

2. ان مشاورتوں نے بھارت اور امریکا کے مابین جامع عالمی اسٹریٹجک شراکت داری کۓ جائزے کا موقع فراہم کیا.

3. دونوں فریقوں نے تجارت و سرمایہ کاری، دفاعی تعاون، ٹرسٹ (TRUST) اقدام، توانائی کے شعبے میں تعاون بشمول سول نیوکلیئر شراکت، ٹیکنالوجی، اہم معدنیات اور قابلِ اعتماد سپلائی چینز سمیت دوطرفہ تعلقات سے متعلق اہم امور پر تبادلۂ خیال کیا.

4. اس مذاکرات کے دوران باہمی دلچسپی کے حامل علاقائی اور عالمی امور کا بھی احاطہ کیا گیا، اور دونوں فریقوں نے آزاد اور کھلے انڈو-پیسیفک کے لیے اپنے مشترکہ عزم کو اجاگر کیا.

5. دونوں فریقوں نے موجودہ مکالماتی طریقۂ کار کے تحت ہونے والی مسلسل پیش رفت کا بھی خیرمقدم کیا اور اس بات پر اتفاق کیا کہ شراکت داری کے اہم ستونوں میں انقلابی تعاون کو فروغ دینے کے مقصد سے 21ویں صدی کے لیے ”فوجی شراکت داری، تیز تر تجارت اور ٹیکنالوجی کے مواقع کو مہمیز دینے“ (COMPACT) کے نفاذ کو رفتار دی جائے.

نئی دہلی

09 دسمبر 2025